پریس ریلیز

گوجرانوالہ 07 جولائی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم نے پولینڈ ایمبیسی کے تھرڈ سیکریٹری کامرس اینڈ ٹریڈ سر گو یز مسکل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب صدر عادل ندیم نے کہا کہ پولینڈ اور پاکستان کے مابین دوطرفہ تجارت کا فروغ وقت کی اشد ضرورت ہے۔ ایسے اقدامات اٹھائے جائیں جس سے دونوں ملکوں کی بزنس کمیونٹی با آسانی تجارتی روابط بڑھا کر معیشت کو مستحکم بنانے میں کردار ادا کر سکے۔ گوجرانوالہ کے بے شمار کاروباری لوگ میٹل کی امپورٹ پولینڈ سے ہی کر رہے ہیں۔ انہوں نے گوجرانوالہ کی صنعتی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں 34 کلسٹرز موجود ہیں جو بڑی کامیابی سے نہ صرف لوگوں کو روزگار مہیا کر رہے ہیں بلکہ بین الاقوامی معیار کی مصنوعات تیار کر کے پولینڈ سمیت دیگر مما لک میں ایکسپورٹ کر رہے ہیں۔ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کو ویزہ کے حصول میں سخت دشواری کا سامنا ہے جب تک بزنس کمیونٹی کو با آسانی ویزہ کا حصول ممکن نہیں بنایا جائے گا دوطرفہ تجارت میں بہتری لانا ناممکن ہے۔ لہٰذا گزارش ہے کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی و ترجیحی بنیادوں پر ویزے کے حصول کو ممکن بنایا جائے۔ نیز مستقبل میں چیمبر اور ایمبسیسی کے مابین معلومات کا تبادلہ کر کے تجارت کو مزید بہتر کیا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں انہوں نے تھرڈ سیکریٹری اور پولینڈ سفیر کو گوجرانوالہ چیمبر میں آنے کی دعوت بھی دی۔

تھرڈ سیکرٹری کامرس اینڈ ٹریڈ سر گو یز مسکل نے گوجرانوالہ چیمبر کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت دو طرفہ تجارت کو فروغ دینا بہت ضروری ہے۔ تجارت کے فروغ کے لئے دونوں مما لک کے کاروباری لوگ مضبوط روابط اختیار کر کے بہتری لا سکتے ہیں۔ جہاں تک نمائشوں کے متعلق ایمبیسی ذکر کیا گیا ہے مستقبل میں چیمبر آف کامرس کو بروقت مطلع کریں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر کے وفد نے جو گوجرانوالہ کی صنعت کے متعلق بریفنگ دی ہے اس کے مطابق گوجرانوالہ انتہائی اہم صنعتی شہر ہے ہم چاہیں گے کہ پولینڈ کے کاروباری لوگ تجارتی تعلقات بڑھائیں۔ بزنس کمیونٹی کو ویزہ کے حصول میں دقت کا سامنا ہے اس مسئلے کے حل کے لیے چیمبر اور ایمبیسی کے مابین ایک فوکل پرسن مقرر کیا جائے گا تا کہ بزنس کمیونٹی کو ویزے کے حصول میں آسانی میسر آئے۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ جلد ہی گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ کیا جائے گا۔ بعد ازاں گوجرانوالہ چیمبر کی طرف سے عادل ندیم نائب صدر نے تھرڈ سیکرٹری ٹریڈ اینڈ کامرس کا شکریہ ادا کیا اور انہیں یادگاری شیلڈ پیش کی۔